7699-نماز جمعہ ترک کرنے کا حکم

سوال

نماز جمعہ میں حاضر نہ ہونے کی سزا کیا ہے ؟ اور اس کے بارہ کونسی احادیث ہیں ؟

پسندیدہ جواب

جن پر نماز جمعہ واجب ہے ان کے لیے نماز جمعہ ترک کرنا کبیرہ گناہ ہے اور جو شخص حقارت کے ساتھ تین نماز جمعہ ترک کردے اس کے دل پر مہر لگ جاتی اور اسے غافلین میں سے لکھ دیا جاتا ہے.

اس کی دلیل صحیح مسلم کی مندرجہ ذیل حدیث ہے :

ابوہریرہ اور ابن عمر رضی اللہ تعالی عنہم بیان کرتے ہیں کہ : ان دونوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو منبر کی لکڑیوں پر یہ فرماتے ہوئے سنا :

"لوگ نماز جمعہ ترک کرنے سے باز آجائیں، وگرنہ اللہ اللہ تعالی ان کے دلوں پر مہر ثبت کردے گا، پھر وہ غافلین میں سے ہوجائیں گے"

اور ایک حدیث میں ہے :

"جس نے حقیر سمجھتے ہوئے تین جمعہ چھوڑدیے اللہ تعالی اس کے دل پر مہر ثبت کردیتا ہے"

یہ قلبی سزا ہے، جوکہ جسمانی سزا قید وبند یا کوڑے لگانے سے زیادہ سخت ہے، حکمران کو چاہیے کہ وہ بغیر کسی عذر کے نماز جمعہ سے پیچھے رہنے والوں کو سخت قسم کی سزا دے، تا کہ لوگ اس جرم کا ارتکاب نہ کریں.

اور ہر مسلمان شخص اللہ تعالی کے فرائض میں سے کوئی فریضہ ضائع کرتے ہوئے اللہ سے ڈرنا چاہیے، کہ وہ اپنے آپ کو اللہ تعالی کے عقاب اور سزا کے لیے تیار کررہا ہے.

مسلمان کو اپنے اوپر اللہ تعالی کے واجب کردہ امور کا خیال کرتے ہوئے اسے بجالانا چاہیے، تا کہ وہ اللہ تعالی کا اجروثواب حاصل کرسکے، اللہ تعالی جسے چاہتا ہے اپنے فضل سے نوازتا ہے.

واللہ اعلم.